سلسلہ عالیہ قادریہ سہروردیہ چشتیہ قلندریہ ابوالعلائیہ جہانگیریہ عثمانیہ طارقیہ

نادِ علی رضی اللہ عنہم

نادِ علی صرف وظیفہ ہی نہیں بلکہ بہت ہی عظیم دعا بھی ہے
ہر دور کے بڑے بڑے جلیل القدر بزرگانِ دین کا یہ وظیفہ رہا ہے

زیر سرپرستی

خلیفہ میاں حضور عالمی مذہبی روحانی اسکالر پیر طریقت

آصف سعید قادری طارقی شاذلی

طارقیہ روحانی سینٹر النور ویلفیئر نیٹ ورک

هو القادر　　هو الحق　　هو المعین

سلسلہ عالیہ قادریہ سہروردیہ چشتیہ قلندریہ ابوالعلائیہ جہانگیریہ عثمانیہ طارقیہ

بفیضان نظر

پیرِ طریقت حکیم صوفی الشیخ طارق احمد شاہ عارف

عثمانی، قادری، چشتی، قلندری، سہروردی، ابوالعلائی، نقشبندی، مجددی، مداری، شطاری، فردوسی، نظامی، صابری، جہانگیری، شاذلی مدظلہ العالی

زیر سرپرستی

خلیفہ میاں حضور عالمی مذہبی روحانی اسکالر پیر طریقت شاذلی

مفتی آصف سعید قادری طارقی

طارقیہ روحانی سینٹر النور ویلفئیر نیٹ ورک

www.facebook.com/muftiasifsaeed
www.youtube.com/muftiasifsaeed
info@tariqiyarohanicenter.com
http://twitter.com/muftiasifsaeed
http://www.tariqiyarohanicenter.com
http://instagram.com/muftiasifsaeedqadri

شعبہ روحانی عملیات رابطہ نمبر

+92300-9676758

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

طارقیہ روحانی سینٹر النور ویلفیئر نیٹ ورک

کے تحت روحانی **عملیات کورس** کرنے والے تمام شاگردوں کے لئے بڑی بہت خوشی کی خبر ہے۔ کہ الحمدللہ عالمی مذہبی روحانی اسکالر **مفتی آصف سعید قادری طارقی شاذلی** دامت برکاتہم العالیہ کے زیر سایہ روحانی عملیات کورس کرنے والے تمام شاگردوں کی آسانی اور رہنمائی کے لیے روحانی عملیات کورس کے تمام اسباق کو انکے فوائد کے ساتھ ترتیب وار تحریر کردیا گیا ہے۔ ادارے کی طرف سے بھرپور کوشش کی گئی ہے۔ کہ تمام اعمال اور وظائف کے دوران شاگردوں کو جن مسائل کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ ان کا حل مکمل تفصیل کے ساتھ بیان کردیا جائے۔ اس کتاب میں اعمال کے فوائد کے ساتھ ساتھ ان کے استعمال کا طریقہ بھی بیان کیا گیا ہے۔ ادارہ اُمید کرتا ہے کہ تمام شاگرد تحریر شدہ ہدایات کو بغور پڑھ کر ان پر مکمل طور پر عمل کریں گے۔

(ضروری ہدایات)

ہدایت نمبر۔ وظائف کرتے ہوئے ابتدا میں ایک بار بسم اللہ الرحمن الرحیم پڑھ لینا ہی کافی ہے ہر بار بسم اللہ الرحمن الرحیم پڑھنے کی ضرورت نہیں۔

ہدایت نمبر 1۔ تمام اعمال وظائف قرب الٰہی اور روح کی پاکیزگی اور مخلوق خدا کی خدمت کی نیت سے کیے جائیں۔ کسی قسم کی دنیاوی لالچ آپ کے پیش نظر نہیں ہونی چاہیے۔ اللہ اور اس کے محبوب صلی اللہ علیہ وسلم کی رضا حاصل کرنا ہی آپ کا مقصد ہونا چاہیے۔

ہدایت نمبر 2۔ اپنے آپ کو ہر وقت ہر قسم کے گناہوں سے بچانے کی بھرپور کوشش کریں بد نگاہی اور بد خیالی سے مکمل طور پر پرہیز کریں۔

ہدایت نمبر 3۔ تمام وظائف ہمیشہ باوضو ہوکر کریں۔ اگر ممکن ہو تو روزانہ عمل سے پہلے غسل کرلیں۔

ہدایت نمبر 4۔وظائف کے دوران صاف ستھرا اور پاکیزہ لباس پہنیں۔ (اگر ممکن ہو تو اس کے لئے ایک لباس مخصوص کرلیں) اپنے لباس اور جس جگہ پر بیٹھ کر وظائف کرنے کا ارادہ ہو اس جگہ کو خوب معطر رکھیں۔بخورات کا استعمال کریں۔ اگر یہ نہ ہوسکے تو لوبان یا اگربتی جلا کر کمرے کو خوشبودار بنائیں۔

ہدایت نمبر 5۔وظائف کرنے کے لیے وقت اور جگہ کا ایک ہونا ضروری ہے۔بہتر یہ ہے کہ کسی مصلے پر بیٹھ کر وظیفہ کیا جائے۔جو وقت اور جو جگہ اپنے لئے مقرر کریں جب تک عمل مکمل نہ ہو اس پر قائم رہیں۔

ہدایت نمبر 6۔وظائف کرنے کے لئے ایسی جگہ مقرر کریں۔ جو پاک صاف ہو اور جہاں تنہائی اور یکسوئی حاصل ہوسکے (یعنی وہاں شور شرابا اور کسی کا آنا جانا نہ ہو)

ہدایت نمبر 7۔وظائف کرتے وقت اپنا چہرہ قبلہ کی طرف رکھیں (اگر ایسا ممکن نہ ہو تو کسی بھی طرف چہرہ کرکے وظائف کرسکتے ہیں اس میں کوئی مسئلہ) نہیں ہیں۔

ہدایت نمبر 8۔وظیفہ کرنے کے لیے آپ اپنی مرضی سے وقت مقرر کر سکتے ہیں (عصر کی نماز کے بعد سے لے کر اگلے دن کی مغرب سے پہلے ایک دن کا وظیفہ شمار ہوگا۔

ہدایت نمبر 9۔جو عمل آپ کرنا چاہتے ہیں ضروری ہے کہ پہلے اس کی عبارت کو مخارج اور ادائیگی کا خیال رکھتے ہوئے اچھی طرح یاد کرکے بار بار پڑھ کر زبان پر جاری کرلیا جائے تاکہ وظیفہ کرتے وقت مکمل توجہ وظیفہ کی طرف رہے۔زبان پر وظیفہ رواں رہے اور وقت کم لگے۔

ہدایت نمبر 10۔عمل کرتے وقت اگر آپ کا وضو ٹوٹ جائے تو فوراً اٹھ جائیں اور وضو کر کے دوبارہ اپنی نشست پر آکر اپنا عمل شروع کریں۔راستے میں کسی سے گفتگو نہ کریں۔وظیفہ کرتے وقت اگر اذان شروع ہو جائے تو آپ کی مرضی ہے آپ رکنا چاہیں تو رک کر اذان کا جواب دے سکتے ہیں۔ اور اگر وظیفہ جاری رکھنا چاہیں تو یہ بھی آپ کو اختیار ہے۔اگر دوران عمل کوئی آپ کو سلام کرتا ہے تو

بہتر ہے کہ اس کو صرف اشارے سے جواب دیں ۔اور اگر فتنہ فساد یا ناراضگی کا خوف ہو تو و علیکم السلام بھی کہہ سکتے ہیں مگر زیادہ گفتگو نہ کریں۔

ہدایت نمبر 11 ۔دوران عمل اپنا حصار کرنے کے لیے کوئی خاص وظیفہ کرنے کی ضرورت نہیں اپنے استاد کا کامل تصور ہی آپ کا بہترین حصار ہے۔ وظیفہ کرتے وقت جس قدر آپ کی توجہ آپ کے استاد کی طرف رہے گی ۔آپ کا حصار بھی اتنا ہی مضبوط ہو گا۔

ہدایت نمبر 12 ۔کچھ دوستوں کو وظائف کرتے وقت جسم میں یا سر میں درد وغیرہ محسوس ہوتا ہے۔ تو اس چیز سے وہ گھبرا جاتے ہیں۔ ایسی حالت میں آپ کو بالکل بھی گھبرانا نہیں چاہیے بلکہ آپ کو اللہ کا شکر ادا کرنا چاہیے کہ جو وظائف آپ کر رہے ہیں ان کی تاثیر آپ کے بدن میں آ رہی ہے۔ ہاں اگر آپ کے جسم میں درد وغیرہ ہو تو آپ پانی کی بوتل پر 21 مرتبہ سورہ فیل پڑھ کر دم کریں اور وظیفہ شروع کرنے سے پہلے پی لیا کریں۔ یا جو عمل اپ پڑھتے ہے جب پڑھائی مکمل ہو پانی دم کر کے پی لیں۔ اس سے انشاءاللہ جسم میں درد نہیں ہوگا اور کوشش کریں کہ پڑھائی کرتے وقت پانی کا استعمال نہ کریں۔ لیکن اگر اگلا یا ہونٹ خشک ہو رہے ہوں تو بقدر ضرورت استعمال کر سکتے ہیں۔

ہدایت نمبر 13 ۔ادارے کی طرف سے اعمال کرنے کے لیے روزے کی شرط نہیں رکھی گئی آپ بغیر روزے کے بھی وظائف کر سکتے ہیں۔ لیکن اگر آپ روزہ رکھنا چاہیں تو آپ کو اختیار ہے۔ انشاءاللہ اس سے آپ کی روحانیت میں اور برکت ہوگی۔

ہدایت نمبر 14 ۔ پہلے تو کوشش کریں کہ اپنے وظیفے کو ایک ہی نشست میں مکمل کیا جائے لیکن اگر ایک نشست میں وظیفہ مکمل کرنا ممکن نہ ہو تو اس کی دو نشستیں بھی کی جا سکتی ہیں۔لیکن یہ ضروری ہے کہ جو بھی وقت طے ہو آخر تک اس پر کاربند رہیں۔اور دونوں نشستوں میں کی جانے والی پڑھائی کی تعداد بھی برابر ہونا ضروری نہیں کم یا زیادہ بھی ہو سکتی ہے۔

ہدایت نمبر 15۔وظائف کے دوران نیند آنا ایک فطری عمل ہے۔اس کا ایک حل تو یہ ہے کہ دن کے وقت اپنی نیند کو مکمل کرنے کی کوشش کی جائے دوسرا طریقہ یہ ہے کہ آپ وہیں پر کھڑے ہوکر اپنا عمل کرسکتے ہیں اور تیسرا حل یہ ہے کہ اپنے پاس ایک سپرے والی پانی کی بوتل رکھیں جب بھی آپ کو نیند کا غلبہ محسوس ہو تو کچھ پانی کے چھینٹے اپنے چہرے پر ماریں۔تو انشاءاللہ تعالی اس سے امید ہے کہ آپ کی نیند آپ کو زیادہ پریشان نہیں کرے گی۔

ہدایت نمبر 16۔وظائف کرتے وقت اس بات کا خاص خیال رکھیں کہ تعداد کم یا زیادہ نہ ہو۔ زکات ادا کرنے کے لئے جتنی تعداد مقرر کی گئی ہے اتنی ہی تعداد میں پڑھائی کی جائے۔

ہدایت نمبر 17۔الغرض کسی وجہ سے تعداد کم یا زیادہ ہو جائے تو اس کے لئے یوں کریں کہ جتنی تعداد زیادہ ہوگئی اس کو ایصال ثواب کر دیں اور اگر تعداد کم رہ گئی ہو تو اگلے دن کی پڑھائی کے ساتھ اتنی تعداد زیادہ پڑھ کر اپنی تعداد مکمل کرلیں۔

ہدایت نمبر 18۔اگر کوئی وظیفہ پڑھتے پڑھتے آنکھ لگ جائے اور یہ یاد نہ رہے کہ کہاں تک پڑھا ہے تو پھر ایسا کریں کہ جو سورہ پڑھ رہے ہیں اسے دوبارہ شروع سے پڑھیں۔

ہدایت نمبر 19۔عمل مکمل ہونے کے بعد مراقبہ کرکے عمل کی تاثیر کو اپنے اندر جذب کریں۔پانی پر یا کسی اور چیز پر دم کرنے کی اجازت نہیں ہے(ہاں مدامت کرنے کے بعد اپنے جسم پر یا پانی پر یا کسی اور چیز پر دم کرسکتے ہیں)

ہدایت نمبر 20۔وظائف کرنے کے لیے پرہیز لازم ہے اس لیے عمل شروع کرنے سے کم از کم بارہ گھنٹے پہلے پرہیز شروع کر دیا دیں۔عمل مکمل ہونے کے بعد اگلے دن کی مغرب تک آپ کا پرہیز ہوگا اور اگر بالفرض بامر مجبوری اتنا وقفہ نہ کرسکیں تو کم از کم بارہ گھنٹے انتظار ضرور کریں 12 گھنٹے کے بعد آپ کا پرہیز ختم ہوجائے گا۔

ہدایت نمبر 21۔دوران عمل بیوی سے جماع کرنے کی اجازت نہیں اگر دوران عمل زوجہ سے صحبت کرے گاتواس کا عمل ضائع ہوجائے گا(لیکن یہ یادرہے کہ جوعمل ابھی کررہاہےاسے بیچ میں روک نہیں سکتااسے مکمل کرنا ہو گا)اس کے بعد یہی عمل پھر دوبارہ سے کرناہوگا۔

ہدایت نمبر22۔اعمال کی مدامت کے لیےوقت اورجگہ کی کوئی پابندی نہیں۔چلتے پھرتےکسی بھی وقت مدامت کی جاسکتی ہے۔مدامت بغیروضوکےبھی کرسکتے ہیں۔لیکن اگروضوکرلیا جائےتو زیادہ بہتر ہے

ہدایت نمبر23۔اگر مدامت نہ کرنے کی وجہ سے عمل ضائع ہوجائےتو اسے دوبارہ جاری کرنے کے لئے لازم ہے کہ جتنی تعداد میں عمل کی زکات ادا کرتے وقت پڑھائی کی تھی اتنی ہی تعداد میں تین دن تک مکمل پرہیز کے ساتھ پڑھائی کریں انشاءاللہ عمل دوبارہ سے جاری ہو جائے گا۔

ہدایت نمبر24۔عمل مکمل ہونے کے بعداس عمل کی مدامت کرنا بہت ضروری ہے اگرتین دن سے زیادہ مدامت چھوٹ گئی توعمل ضائع ہوجائے گااس لیے کتنی ہی مجبوری کیوں نہ ہوروزانہ ہرعمل کی مدامت ضرور ادا کریں۔بامر مجبوری مدامت کی تعداد میں کمی کر کے پڑھ سکتے ہے۔

ہدایت نمبر25۔عمل مکمل ہونے کے بعدایک دن کا ناغہ کریں اور پھراس سےآگے والاسبق شروع کردیں۔لیکن اگر بامر مجبوری آپ ایک دن سے زیادہ ناغہ کرنا چاہتے ہیں توآپ کر سکتے ہیں دو دن تین دن یا ایک ہفتے کے بعد بھی اگلا سبق شروع کیا جا سکتا ہے۔ایک عمل مکمل ہونے کے بعد دوسرا عمل فورا ہی شروع کرنا ضروری نہیں۔

ہدایت نمبر 26۔تمام شاگردوں کے لئے لازم ہے کہ پہلے اپنے دس سبق مکمل کریں جب تک آپ کے تمام اسباق مکمل نہیں ہوجاتے اس وقت تک آپ کوکوئی ایساعمل یا کوئی ایسا وظیفہ(جوان دس اسباق میں شامل نہیں کرنے کی اجازت نہیں ہوگی)ادارہ کی جانب سے جو اعمال و وظائف خصوصی راتوں کے دیے جائیں وہ صرف وہی شاگرد کرسکیں گے جن کے دس اسباق مکمل

ہو چکے ہیں۔خصوصی ایام کے وظائف کی تفصیلات جاننے کے لئے بار بار میسج کر کے اپنا اور ہمارا وقت برباد کرنے کی کوشش نہ فرمائیں۔

ہدایت نمبر 27۔سورج گرہن اور چاند گرہن کے اعمال بھی صرف وہی شاگرد کر سکیں گے جن کے دس سبق مکمل ہو چکے ہیں جن شاگردوں کے دس سبق ابھی تک مکمل نہیں ہوئے ان کے لئے سورج گرہن اور چاند گرہن میں بھی یہی بہتر ہے کہ وہ اپنے اعمال کی زکوۃ دوبارہ سے ادا کریں۔یعنی جن اعمال کی زکات ادا کر چکے ہیں ان اعمال کو اتنی ہی تعداد میں پڑھیں جتنی تعداد میں زکوۃ ادا کرتے وقت پڑھا تھا ان شاءاللہ اس سے ان کے اعمال میں اور زیادہ طاقت اور برکت پیدا ہوگی۔

ہدایت نمبر 28۔بعض اوقات ایسا ہوتا ہے کہ پڑھائی کرتے وقت تسبیح ہاتھ سے گر جاتی ہے اور تعداد کے معاملے میں شک پیدا ہو جاتا ہے۔اس کے لیے ایسا کریں کہ آپ اپنے غالب گمان کی طرف توجہ کریں جتنی تعداد پر دل جم جائے اسی پر عمل کریں مثال کے طور پر اگر آپ نے ایک عمل کو سو بار پڑھنا ہے اور ابھی آپ نے اس کو 40 یا 45 بار ہی پڑا اور ہاتھ سے تسبیح گر گئی اور اب یہ اندازہ لگانا مشکل ہے کتنی تعداد پڑھی جا چکی تھی تو جتنی تعداد پر آپ کا گمان جم جائے کہ اتنی بار ہو گیا تو وہیں سے آگے پڑھنا شروع کر دیں انشاءاللہ عمل پر کوئی فرق نہیں پڑے گا۔

ہدایت نمبر 29۔تمام شاگردوں کو یہ بات اچھی طرح یاد رہنی چاہیئے کہ روحانی عملیات کورس گروپ صرف اور صرف روحانی عملیات کورس کرنے والوں کی رہنمائی کے لیے بنایا گیا ہے۔ استخارہ کروانے کے لیے، خوابوں کی تعبیر معلوم کرنے کے لیے، یا پھر اپنی بیماریوں کا علاج معلوم کرنے کے لیے اس گروپ میں میسج کرنے کی اجازت نہیں ہے۔اگر استخارہ کروانا ہو تو روحانی کال سینٹر پر رابطہ کریں۔اور اگر خوابوں کی تعبیر پوچھنی ہو یا اپنی کسی بیماری کا علاج پوچھنا ہو تو پھر روحانی علاج و استخارہ پروگرام میں لائیو استاد محترم سے رابطہ کریں۔

ہدایت نمبر 30۔ ہر روز عمل شروع کرنے سے پہلے اور عمل مکمل ہونے کے بعد مراقبہ ضرور کریں عمل شروع کرنے سے پہلے جو مراقبہ کریں اس میں استاد محترم کا تصور کریں اور ان سے اپنے عمل میں کامیابی کے لیے مدد طلب کریں۔اور عمل مکمل ہونے کے بعد جو مراقبہ کریں اس میں یہ تصور کریں کہ جو عمل آپ نے کیا ہے اس کی تاثیر اس کی برکت اور اس کی نورانیت آپ کے اندر جذب ہو رہی ہے۔

ہدایت 31۔اکثر جلد بازی کا نتیجہ اچھا نہیں ہوتا۔اس لیے ہمیشہ ایک وقت میں ایک ہی عمل کریں ۔ایک ساتھ ایک سے زیادہ عمل اعمال کرنے کی آپ کو اجازت نہیں اس سے آپ کو نقصان ہوسکتا ہے

ہدایت 32۔جس جگہ پر آپ نے عمل شروع کیا اسی جگہ پر اس عمل کا مکمل ہونا لازمی ہے ۔ بیماری ،سفر، یا کسی اور وجہ سے اگر عمل جاری رکھنا ممکن نہ ہو تو ایک پاؤ برفی لیں اور مؤکلین کو رخصت کرنے کی نیت سے اس پر فاتحہ دلا کر مئوکلین کو ایصال ثواب کر کے انہیں رخصت کر دیں۔ اس طرح کرنے سے آپ رجعت سے محفوظ رہیں گے۔

ہدایت نمبر 33۔جب آپ کسی عمل کی زکات ادا کرنا شروع کر دیں تو اسے مسلسل بغیر ناغہ کیئے جاری رکھنا لازمی ہے۔اگر کسی وجہ سے ایک دن کا بھی ناغہ ہوگیا تو آپ کا عمل ضائع ہوجائے گا اور آپ کو یہ عمل دوبارہ سے شروع کرنا پڑے گا۔اب آپ کا یہ والا عمل ضائع ہوگیا۔ اگر دوبارہ سے اسی عمل کی زکات ادا کرنا چاہیں تو وقت اور جگہ مقرر کر کے پھر سے یہ عمل شروع کر سکتے ہیں۔

ہدایت نمبر 34۔طارقیہ روحانی سینٹر النور ویلفیئر نیٹ ورک کی جانب سے روحانی عملیات کورس کرنے والے تمام شاگردوں کو تنبیہ کی جاتی ہے اور وارننگ دی جاتی ہے کہ جب تک آپ ادارے کی طرف سے عملیات کر رہے ہیں کسی اور عامل کے عملیات آپ نہیں کر سکتے اگر ایسا کریں گے۔ تو اپنے نقصان کے خود ذمہ دار ہوں گے ادارہ ہرگز ہرگز اس کا ذمہ دار نہیں ہوگا۔

(فاتحہ کا مختصر طریقہ)۔سب سے پہلے ایک کلو یا آدھا کلو میٹھائی یعنی۔کوئی بھی میٹھی چیز اپنے سامنے رکھ لیجیئے اور پھر درود شریف گیارہ بار، سورۃ الکافرون ایک بار، سورۃ الاخلاص تین بار، سورۃ فلق ایک بار، سورۃ الناس ایک بار، سورۃ الفاتحہ ایک بار، الم سے مفلحون تک اور اس کے بعد آیت الکرسی ایک بار پھر آخر میں گیارہ بار درود شریف پڑھ کر اس طرح دعا مانگیں۔(دعا مانگنے کا طریقہ۔)اے اللہ میں نے جو قرآن پاک کی تلاوت کی ہے اسے اپنی بارگاہ میں قبول فرما۔اس کا ثواب پیارے آقا ﷺ کی بارگاہ میں ھدیۃً تحفۃً پیش کرنے کے بعد ان کے صدقے سے تمام انبیاء کرام تمام صحابہ کرام حضور پُرنور ﷺ کی تمام ازواج مطہرات آپ کی تمام آل واولاد۔پیران پیر غوث اعظم دستگیر۔خواجہ معین الدین چشتی اجمیری اور تمام اولیاء کرام کی بارگاہ میں پیش کرتا ہوں اور خصوص بالخصوص میں نے جو عمل کیا ہے اس عمل کے موکلین کی خدمت میں پیش کرتا ہوں قبول فرما۔اور اس عمل کی روحانیت اور برکت مجھے عطا فرما۔آمین ثم آمین یارب العالمین۔پھر جو مٹھائی آپ نے اپنے سامنے رکھی تھی اس میں سے ایک حصہ (تقریباً ایک پاؤ) عمل کے موکلین کے لیئے الگ سے نکال کر کسی ویرانے میں یا چھت پر جہاں کسی کا آنا جانا نہ ہو وہاں پر رکھ دیجئے اور اسے بغیر دیکھے وہاں سے واپس آجائیں۔اور اسے دیکھنے کی نیت سے وہاں کبھی مت جائیں ہاں اگر اتفاقاً ایک ہفتے بعد یا دو ہفتے بعد آپ کی نظر اس پر پڑ جائے تو آپ کہیں بھی اسے اٹھا کر پھینک سکتے ہیں۔

اے اللہ تو ہمیں توفیق عطا فرما

آمین آمین ثم آمین یارب العالمین۔

(مراقبہ کرنے کا طریقہ) جس مقام پر آپ وظائف کرتے ہیں۔ وہیں پر آلتی پالتی یعنی (چوکڑی) مار کر دونوں ہاتھ اپنے گھٹنوں پر رکھ کر سر جھکا کر آنکھیں بند کر کے بیٹھ جائیں۔ دنیاوی خیالات کو مکمل طور پر اپنے ذہن سے نکال دیں۔ اپنے دل اور دماغ کو ایک کورے کاغذ کی طرح خالی تصور کریں۔ اور تصور یہ کریں کہ آپ کے شیخ یا آپ کے استاد گرامی روضۂ رسول یا کعبۃ اللہ شریف کے سامنے بیٹھے ہیں اور وہاں سے نور کی کرنیں نکل کر ان کے دل میں داخل ہو رہی ہیں۔ اور ان کے سینے مبارک سے نکل کر آپ کے دل میں آرہی ہیں اور آپ اس نور کی روشنی کو اپنے اندر جذب ہوتے محسوس کر رہے ہیں۔

(نیکی اور پرہیزگاری کے کاموں میں ایک دوسرے کی مدد کرنا)

ادارہ طارقیہ روحانی سینٹر النور ویلفیئر نیٹ ورک کی دینی خدمات اور کاوشوں کے بارے میں تو آپ حضرات تعارف میں پڑھ چکے ہیں۔ ان تمام باتوں کے علاوہ بھی آگے چل کر ادارہ بہت سے پراجیکٹ شروع کرنے کا ارادہ رکھتا ہے۔ جس کے لئے کثیر رقم درکار ہے۔ جو یقیناً آپ کے تعاون کے بغیر ناممکن ہے۔ نیکی اور پرہیزگاری کے کاموں میں تعاون کرنا اللہ عزوجل کا حکم بھی ہے۔ اور بہترین صدقہ جاریہ بھی۔

ادارہ طارقیہ روحانی سینٹر النور ویلفیئر نیٹ ورک سے عملیات کرنے والے تمام شاگرد سے بالخصوص (کیونکہ اس سے آپ کے استاذ گرامی کا دل خوش ہوگا اور استاذ گرامی خوش ہوئے تو آپ کو فیض زیادہ ملے گا اور آپ کی روحانیت میں بھی اضافہ ہوگا یہ ایک راز کی بات ہے جسے عقلمند خوب سمجھتے ہیں) اور تمام اہل محبت سے بالعموم بھرپور اپیل کی جاتی ہے کہ ادارے کی تعمیر و ترقی کے لئے زیادہ سے زیادہ بڑھ چڑھ کر تعاون کریں تاکہ ہم اپنے مقصد کو باآسانی حاصل کرسکیں۔

پرھیز جلالی وجمالی

روحانی عملیات کورس میں شامل ہونے والے تمام ممبران کو دل کی گہرائیوں سے خوش آمدید: یوں تو عملیات کے ماہرین نے ترک حیوانات (ترک جلالی و جمالی) کے بارے میں بہت تفصیل سے گفتگو کی ہے۔ اوراس کے لئے بہت سخت قوانین بنائے ہیں۔لیکن طارقیہ روحانی سینٹر کے زیرسایہ **روحانی عملیات کورس** کرنے والوں کی خوش قسمتی ہے کہ استادمحترم **مفتی محمد آصف سعید قادری طارقی شاذلی** دامت برکاتہم العالیہ نے (ترک جلالی و جمالی) میں ہمیں بہت سی سہولیات عطا فرما دی (اللہ اُن کی زندگی میں برکت عطا فرمائے) بہت سے ممبران اکثر سوال کرتے رہتے ہیں کہ کیا کھا سکتے ہیں۔کیانہیں کھاسکتے ۔ایسے تمام حضرات اس پوسٹ سے فائدہ حاصل کرسکتے ہیں۔

دوران عمل (چلہ)

ان تمام چیزوں کے استعمال کی ہرگز ہرگز اجازت نہیں ہے۔ ہر قسم کا گوشت، گوشت والا سالن، بریانی ،قورمہ وغیرہ، مچھلی، انڈا، کچالہسن نہیں کھاسکتے (سالن میں پکا ہوا لہسن کھا سکتے ہے)، کچا پیاز نہیں کھاسکتے (سالن میں پکا ہوا پیاز کھا سکتے ہے)، دودھ اور دودھ سے بنی ہوئی چائے نہیں پی سکتے ۔چائے کی جگہ (قہوہ) پی سکتے ہیں۔دہی، لسی، رائیتہ، نہیں کھاسکتے (مکھن کھا سکتے ہے) ،حقہ ،سگریٹ، ہر قسم کا نشہ اور، عورت سے جماع پرہیز میں شامل ہیں۔ان کے علاوہ کسی چیز پر پابندی نہیں لگائی گئ۔مگر مسالے دار چٹخارے دار چیزوں اور دودھ سے بنی ہوئی مٹھائی ،کیک ، چاکلیٹ وغیرہ سے پرہیز کریں تو آپ کے لئے بہت بہتر ہے۔ (چلہ) کے دوران کھجور کا زیادہ استعمال کرسکتے ہے۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالْعَاقِبَةُ لِلْمُتَّقِیْنَ وَالصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ وَعَلٰی اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ اَجْمَعِیْنَ

طارقیہ روحانی سینٹر روحانی دنیا کا ایک عظیم الشان ایسا واحد ادارہ ہے جو روحانیت کے فروغ کے لیے مصروف عمل ہے اس کی سر پرستی سلسلہ عالیہ طارقیہ جہانگیریہ عثمانیہ کی عظیم روحانی شخصیت شیخ المشائخ حکیم **صوفی طارق احمد شاہ عارف** عثمانی حسینی قادری چشتی قلندری شاذلی ابوالعلائی جہانگیری دامت برکاتہم العالیہ المعروف میاں حضور فرما رہے ہیں اور آپکی خصوصی توجہات ،نظر کرم اور اجازت سے پیر طریقت عالمی مذہبی روحانی اسکالر استاذ العاملین پیر طریقت مفتی آصف سعید قادری شاذلی ابوالعلائی دامت برکاتہم العالیہ طارقیہ روحانی سینٹر کی صورت میں سلسلہ طارقیہ جہانگیریہ عثمانیہ کا فیضان دنیا بھر میں عام کر رہے ہیں اسی فیض رسا سلسلے کی ایک کڑی **روحانی عملیات کورس** ہے جس کے تحت یہ پُرتاثیر عمل پیش کیا جارہا ہے۔

نادِعلی کے لفظی معنیٰ ہیں علی کو بلاؤ یا ان سے مدد طلب کرو۔ "ناد" امر کا صیغہ ہے جس کے معنیٰ ہیں پکار، دعوت، عزیمت، بلاوا، منادی اور دہائی۔ نادِعلی صرف وظیفہ ہی نہیں بلکہ بہت ہی عظیم دعا بھی ہے۔ ہر دور کے بڑے بڑے جلیل القدر بزرگانِ دین کا یہ وظیفہ رہا ہے۔ نادِعلی کا ثبوت حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلوی علیہ الرحمہ کی کتاب "الانتباہ فی سلاسل الاولیاء" میں اور حضرت شیخ محمد غوث گوالیاری علیہ الرحمہ کی کتاب جواہر خمسہ سے ملتا ہے۔ اعلیٰ حضرت عظیم البرکت امام احمد رضا خان علیہ الرحمہ نے بھی اپنے ایک فتوے میں نادِعلی پر گفتگو فرمائی۔ شاہ ولی اللہ محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنے ایک رسالے میں فرمایا کہ اس فقیر نے خرقہ شیخ ابوطاہر کردی رحمۃ اللہ علیہ کے ہاتھ سے پہنا اور انہوں نے اس کے عمل کی اجازت دی جو جواہر خمسہ میں ہیں۔

اعلیٰ حضرت مولانا احمد رضا خان علیہ الرحمۃ الرحمٰن نے فتاوٰی رضویہ جلد 30 میں نادِعلی پر کلام فرمایا۔ صاحب جواہر خمسہ کے مطابق ایک غزوہ کے موقع پر سرکار نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے لب ہائے مبارکہ سے ادا ہونے والی خاص دعا نادِعلی ہے۔ سرکار نے جب نادِعلی پڑھی تو فوراً مولا علی پاک رضی اللہ عنہ بارگاہِ نبوت میں حاضر ہوئے اور پھر یہی الفاظ کا ورد کرتے ہوئے آپ نے خیبر کا دروازہ اکھاڑا۔ نادِعلی ہمیشہ سے ہی عاملین کا مرغوب عمل رہا ہے اسکے فوائد شمار سے باہر ہیں۔ نادِعلی کا عمل کسی کے گھر سے ناچاقیاں

ختم کرنے کی قدرت رکھتا ہے چونکہ یہ ایک جلال عمل بھی ہے اس وجہ سے اس عمل کے ذریعے جنات کے مریضوں کا شافی علاج کیا جا سکتا ہے۔ جنات کو شرارتوں سے روکنا، جنات کو سرزنش کرنا، جنات کو قید کرنا اور جلانا نادِعلی کے ذریعے ممکن ہے۔ نادِعلی کا عامل جادوٹونے کے اثرات ختم کرنے، اولاد، کاروبار یا رزق کی بندش ختم کرنے کے لیے بھی اس دعا سے مدد لے سکتا ہے۔

ہمارے شامت اعمال سے ایسی ایسی خرابیوں اور بیماروں نے جنم لے لیا ہے جن کا علاج کسی بڑے سے بڑے عامل کے پاس ہونا بھی ناممکن سا نظر آتا ہے اسکی وجہ یہ ہے کہ ہم اپنے دینِ اسلام سے دور ہو چکے ہیں اور یہی دوری ہماری رسوائی کا ذریعہ بن گئی ہے ہم اپنے علاج معالجے کے لئے عیسائیوں، ہندوؤں اور سکھوں کے پاس تو چلے جاتے ہیں لیکن قرآن حکیم، فرامین رسول اللہ و ادعیہ ماثورہ سے مدد نہیں لیتے، غیر مسلموں کے پاس جانے کا سب سے بڑا نقصان یہ کہ مال و دولت کا تو ضیاع ہوتا ہی ہے ساتھ ساتھ دولت ایمان سے بھی ہاتھ دھو بیٹھتے ہیں۔ ایسے ناسمجھ لوگوں کا ایمان بچانے کے لئے ضرورت ہے کہ عملیات کے شعبے میں کام کیا جائے تا کہ مشکلات کے حل کی آڑ میں کسی کا ایمان خراب ہونے سے بچایا جا سکے۔ ایسے مسائل جو کسی عامل سے حل نہ ہو رہے ہوں ایسے مسائل کا حل نادِعلی عامل کے پاس موجود ہوتا ہے۔ بعض اوقات جادو کا مکمل علاج کروانے کے بعد بھی جادوگر پے در پے جادو کرتا رہتا ہے جسکی وجہ سے مریض علاج کروا کروا کر مایوس ہو جاتا ہے اور پھر روحانیت سے زیادہ جادو کی طاقت کو تسلیم کر لیتا ہے اور اسلامی تعلیمات کا انکار بھی کر بیٹھتا ہے۔ ایسے مریضوں کے علاج کے لئے اس عمل سے زیادہ بہتر عمل کوئی نہیں۔ اس عمل کی ایک خاصیت یہ بھی ہے کہ اس کا عامل جادو کا توڑ کرنے کے ساتھ ساتھ جادوگر پر بندش بھی لگا سکتا ہے۔ نادِعلی کا عامل جادو، جنات کے اثرات اور بسیرا ختم کرنے، بے اولادی کے خاتمے، رزق کی بندش، اولاد کی بندش، طاقت مردی کی بندش ختم کر سکتا ہے۔ الغرض جسمانی و روحانی، دینی و دنیاوی تمام مسائل کا حل نادِعلی میں موجود ہے۔ شرط یہ ہے کہ نادِعلی کی زکوٰۃ کا عامل یکسوئی کے ساتھ کسی صاحب اجازت کی اجازت سے کرے تا کہ فائدہ یقینی ہو۔

نادِ علی رضی اللہ عنہم

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

نَادِ عَلِیًّا مَّظۡهَرَ الۡعَجَآئِبِ تَجِدۡهُ عَوۡنًا لَّکَ فِی النَّوَآئِبِ

کُلُّ هَمٍّ وَّغَمٍّ سَیَنۡجَلِیۡ بِعَظۡمَتِکَ یَا اَللّٰهُ وَبِنُبُوَّتِکَ

یَارَسُوۡلَ اللّٰهِ وَبِوِلَایَتِکَ یَا عَلِیُّ یَا عَلِیُّ یَا عَلِیُّ

نادِ علی کی زکوٰۃ کا طریقہ

اس عمل کی زکات ادا کرنے کے (2) دو طریقے ہیں۔

(1) نادعلی کی زکات کا پہلا طریقہ یہ ہے کہ (40) دن تک روزانہ (1100) مرتبہ پڑھ لیں۔

(2) دوسرا طریقہ یہ ہے کہ (40) دن تک روزانہ (2100) مرتبہ پڑھیں۔

نوٹ: یہ عمل مکمل پرہیز کے ساتھ وقت اور جگہ ایک رکھ کر کیا جائے۔

مداومت روزانہ (100 یا 41) مرتبہ۔

نادِ علی کے اعمال

سالکین کے لئے نایاب عمل

یہ عمل مبتدی سالکین کے لئے اکسیر ہے۔اگر کوئی چاہتا ہو کہ اسکا تزکیہ نفس ہو، ویسے تو نفس کی ہیرا پھیریوں سے کامل مرشد ہی مرید کو بچا سکتا ہے لیکن نادعلی کی برکت سے سالک نفس کی سرکشی سے محفوظ ہو جاتا ہے اگر کوئی چاہے کہ باطن صاف ہو، قلبی سکون ورحانیت کا طلبگار ہو تو نادعلی کے اس عمل کو اپنا ورد بنالے۔انشااللہ اس عمل کی برکت سے تزکیہ نفس، قلبی سکون وروحانیت نصیب ہوگی۔

عمل: فجر کی سنتوں اور فرض کے درمیان یا پھر بعد نماز عشاء مکمل توجہ کے ساتھ ایک سو تین مرتبہ نادعلی اور اول آخر سات مرتبہ درود پاک پڑھ کر پہلے سینے پر پھونکیں پھر ہتھیلیوں پر دم کر کے پورے جسم پر پھیرلیں انشااللہ روحانیت کا خزانہ میسر ہوگا۔عمل کرنے سے پہلے عطر لگانا ضروری ہے۔

استخارہ بذریعہ تسبیح

تسبیح کرنے سے قبل غسل یا وضو کرے اور نیا عمدہ صاف ستھرا لباس پہن کر خوشبو وغیرہ لگائے۔

پھر تسبیح لے کر سیدے ہاتھ کا انگوٹھا اور شہادت والی انگلی سے پکڑ کر تسبیح کے سب سے نیچے والے دانے پر نظر رکھے اور پھر نادعلی پڑھیں۔

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

نَادِ عَلِيًّا مَّظۡهَرَ الۡعَجَآئِبِ تَجِدۡهُ عَوۡنًا لَّکَ فِي النَّوَآئِبِ کُلُّ هَمٍّ وَّغَمٍّ سَيَنۡجَلِيۡ بِعَظۡمَتِکَ يَا اَللّٰهُ وَبِنُبُوَّتِکَ يَارَسُوۡلَ اللّٰهِ وَبِوِلَايَتِکَ يَا عَلِيُّ يَا عَلِيُّ يَا عَلِيُّ

بس یاعلی کی تکرار کرتا رہے اور سوال کریں فلاں بن فلاں پر (مسئلہ بیان کریں مثلاً جسمانی مرض ہے) تو دیکھے اگر تسبیح آگے پیچھے زور زور سے ہلے تو "ہاں" کا اشارہ ہے اور دائیں بائیں ہلے تو "نہیں" کا اشارہ ہے۔حیرت انگیز بات تو یہ ہے کہ تسبیح از خود ہلے گی اور استخارہ کرنے والے شخص کو مطالعہ کر دے گی

اوراس سے قدرت کی شان وعظمت کا اظہار ہوتا ہے۔

قضائے حاجات کا مجرب عمل

اگر کوئی شخص نادعلی سے دی گئی ترتیب کے مطابق روزانہ ہر نماز کے بعد ورد میں رکھے تو انشاءاللہ دینی ودنیاوی تمام حاجات کے لئے یہ ایک عمل ہی کافی ہوجائے گا۔

عمل ۔بعد نماز فجر تیس مرتبہ، بعد نماز ظہر پچیس مرتبہ، بعد نماز عصر بیس مرتبہ، بعد نماز مغرب پندرہ مرتبہ اور بعد نماز عشاء دس مرتبہ ہر مرتبہ پڑھنے کے بعد اپنے مقاصد کو ذہن میں رکھ کر دعا مانگے۔انشاءاللہ دینی ودنیاوی ہر حاجت پوری ہوگی۔

حب وتسخیر کا خاص عمل

لوگ ان اعمال کے پیچھے مارے مارے پھرتے ہیں لیکن ان کو اپنے مقصد میں کامیابی حاصل نہیں ہوتی اگر کوئی شخص حب کے اعمال کا شوق رکھتا ہوتو اس کو چاہیے کہ سب سے پہلے نادعلی کی زکات ادا کرے زکات ادا کرنے کے بعد اب وہ جس کو بھی چاہے اپنی محبت میں گرفتار کرسکتا ہے۔نادعلی محبت وتسخیر کے اعمال کے لئے مجرب عمل ہے یاد رہے کہ حب کے اعمال میں ایک احتیاط کرنی چاہئے کہ اسکا غلط استعمال نہ کیا جائے کیونکہ نادعلی کے موکلات نہایت طاقتور اور بہت جلدی کام کرتے ہیں اگر عامل ناجائز کسی پر حب کا عمل کرے تو رجعت کا شکار بھی ہوجاتا ہے۔

عمل ۔اگر کسی میٹھی چیز پر نادعلی بروز جمعہ پہلی ساعت میں 47 مرتبہ پڑھ کر دم کرے اور پھر 47 مرتبہ پڑھ کر اپنے اوپر دم کرلے۔پھر جسکو بھی یہ میٹھی چیز کھلادی جائے گی فوراً محبت میں گرفتار ہوجائے گا۔ یہ نہایت ہی مجرب عمل ہے۔

سانپ بچھو کے ڈسے کے لئے

اگر کسی کو سانپ، بچھو یا کوئی زہریلا جانور کاٹ لے تو بعض اوقات انسان اس زہر کے اثر سے موت کا

شکار بھی ہو جاتا ہے یہ عمل ہر قسم کا زہر ختم کرنے کے لیے مجرب ہے۔

عمل ۔تین جوئے لہسن پر 21 مرتبہ نادعلی پڑھ کر لہسن کو کچل کر متاثرہ حصے پر کپڑے پر رکھیں اب مشک و زعفران اور گلاب سے سفید چینی کے برتن پر نادعلی لکھیں اور پلیٹ کو آب باراں یعنی بارش کے پانی سے دھو کر اس پانی پر 121 مرتبہ نادعلی پڑھ کر دم کریں اور متاثرہ مریض کو روزانہ پلائیں یہ عمل روزانہ کرنا ہوگا انشاءاللہ ہر قسم کے زہر کا اثر ختم ہو جائے گا۔

نادعلی سے زبان بندی کا عمل

اگر کوئی شخص کسی دفتر میں کام کرتا ہو اور ساتھ کام کرنے والے اسکے خلاف پراپیگنڈے کر کے عہدے سے ہٹانا چاہتے ہوں یا حکام اسکے ساتھ سخت رویہ رکھتے ہوں یا اسکا کوئی ایسا دشمن ہو جو اپنی زبان سے اس کو ایذا پہنچاتا ہو یا پھر کسی کو گالم گلوچ و نازیبا گفتگو کی عادت ہو اور وہ ختم کرنا چاہیں تاکہ اسکی اس عادت بد کے اثرات سے آپ محفوظ رہ سکیں تو نادعلی کے ذریعے آپ اپنے دشمن کی زبان بندی کر کے اسکے شر سے محفوظ رہ سکتے ہیں۔

عمل : دشمن کا تصور کر کے دس دن تک روزانہ ایک ہزار مرتبہ نادعلی پڑھ کر تصور میں ہی اس دشمن کے منہ پر دم کر دیں انشااللہ دس دن بعد آپ اسکے شر سے ہمیشہ کے لئے محفوظ ہو جائیں گے۔

دشمن کی بربادی کا عمل

ہمارے بزرگ دشمن کی بربادی کے اعمال کی اجازت نہیں دیتے کیونکہ کبھی انسان صرف بوجہ حسد بھی کسی کو اپنا دشمن سمجھ کر اس پر بھی عمل کرنا شروع کر دیتا ہے حالانکہ یہ اعمال شرعی دشمن کے لئے ہوتے ہیں اور یہ اسی وقت ہی کیا جاتا ہے جب ظاہری اسباب ختم ہو جائیں انسان بے بس و لاچار ہو جائے تب یہ عمل کرنے سے فائدہ ہوتا ہے اگر کسی کا کوئی ایسا دشمن جو اسکی عزت پر حملہ کرنا چاہتا ہو یا ہر وقت ذلیل و رسوا کرنے کی کوشش میں لگا ہو اس سے جان، مال، عزت و آبرو خطرے میں پڑ گئی ہو تب یہ عمل کرنا چاہیے

یاد رہے کہ یہ عمل کرنے سے پہلے کسی صحیح العقیدہ اہلسنت و جماعت حنفی عالم یا مفتی سے پہلے مشورہ کرلیا جائے کیونکہ اگر کسی پر ناجائز عمل کیا گیا اور وہ اسکا حقدار نہ تھا تو عمل کرنے والے کو ساری زندگی نقصان بھگتنا پڑے گا چونکہ ہماری اجازت سے جو حضرات نادعلی کا عمل کر رہے ہیں ان تک یہ عمل پہنچانا ضروری ہے اس لئے یہاں تحریر کیا جارہا ہے اب یہ آپکی ذمہ داری ہے کہ اس کو صحیح جگہ استعمال کریں۔

عمل :اگر دشمن کے گھر کی مٹی مل جائے تو بہترین ورنہ قبرستان جاکر پرانی قبر سے مٹی اٹھا کر اسی قبر کے پاس بیٹھ کر دشمن کا نام مع والدہ کے اعداد کے مطابق نادعلی پڑھ کر دم کریں اب آدھی مٹی اس قبر پر ڈالیں اور آدھی دشمن کے گھر میں ڈال دیں انشاءاللہ دشمن کا سکون برباد ہوجائے گا اور وہ کسی پر ظلم وستم کرنا ہی بھول جائے گا۔

ہر شخص محبت سے پیش آئے

اگر کوئی شخص چاہتا ہو کہ اس کے جتنے افراد سے بھی تعلقات ہیں وہ تمام لوگ اس کے ساتھ محبت سے پیش آئیں یعنی اگر وہ کسی دفتر میں کام کرتا ہے تو وہاں کے افسران اور اس کے ساتھ کام کرنے والے یا اس کے رشتہ دار، اولاد، بیوی، ماں باپ، اساتذہ و بزرگ اور دیگر تعلق رکھنے والے افراد میں سے جس کے ساتھ بھی ملے وہ اس کے ساتھ اچھا سلوک کریں اس کی بات مانیں عزت دیں تو اس کو چاہیے کہ نادعلی کا یہ عمل ضرور کرے انشاءاللہ عامل کو مقصد میں کامیابی حاصل ہوگی۔

عمل۔ نادعلی کا عامل روزانہ اپنے نام کے اعداد کے مطابق خوشبو پر نادعلی پڑھ کر دم کرتا رہے اور روزانہ وہی خوشبو اپنے کپڑوں پر لگائے ایسی تسخیر ہوگی کہ عامل خود حیران ہوجائے گا کامیابی کے لئے نماز پنجگانہ و شریعت کی پابندی لازم ہے۔

جسمانی دردوں کا بہترین علاج

اگر کسی کو جوڑوں میں یا کمر میں درد رہتا ہو یہ درد کسی بھی وجہ سے ہو ڈاکٹر سے علاج کروانے کے بعد بھی آرام نہ آرہا ہو تو ایک مرتبہ یہ عمل ضرور کریں جیسا بھی درد ہوگا انشااللہ اس عمل کی بدولت درد میں ضرور افاقہ ہوگا۔

عمل ۔ایک چینی کی پلیٹ پر عرق گلاب وزعفران سے نادعلی لکھ کر خالص روغن بلسان سے دھو کر اس روغن پر ستر مرتبہ نادعلی پڑھ کر دم کر کے کسی شیشی میں روغن کو محفوظ کرلیں۔ 3 دن تک روزانہ ستر مرتبہ نادعلی پڑھ کر دم کرتے رہیں اسکے بعد جہاں بھی درد ہو تھوڑا سا تیل لگا کر اچھی طرح مالش کریں انشااللہ بفضل باری تعالیٰ درد میں ختم ہو جائیگا۔

پھوڑے پھنسی کے لئے

اگر کسی کو جلد پر پھوڑے پھنسی کی وجہ سے تکلیف ہو یا زخم ٹھیک نہ ہو رہا ہو تو نادعلی کا عامل اپنے عمل سے اس کا علاج کرسکتا ہے۔

عمل: ہر نماز کے بعد اول وآخر اکیس مرتبہ درود پاک پڑھ کر گیارہ مرتبہ نادعلی پڑھیں اور مریض پر دم کریں انشااللہ پھوڑے پھنسی وزخم ٹھیک ہو جائیں گے۔

وبائی امراض سے حفاظت کے لئے

اگر شہر میں وبا پھیل جائے اور جانی نقصان ہو رہا ہو اور وبا پر قابو نہ پایا جا رہا ہو تو یہ عمل ضرور کریں انشاءاللہ اس عمل کی برکت سے ہر قسم کے وبائی امراض سے اللہ تبارک وتعالیٰ محفوظ رکھے گا۔موجودہ وقت میں کورونا وائرس پوری دنیا میں تباہی پھیلا رہا ہے یہ عمل اگر نادعلی کا عامل کسی کو کر کے دے تو انشااللہ ایسی مہلک اور جان لیوا وبائی امراض سے اللہ حفاظت فرمائے گا۔

عمل ۔تین سفید کاغذوں پر نادعلی، ایک مرتبہ سورۃ فلق وناس اور گیارہ مرتبہ یاشافی یاشافی لکھ کر ایک

تعویز گھر کے دروازے پر لٹکا دیں دوسرا تعویز گھر کے قریب کسی درخت سے لٹکائیں تا کہ ہوا لگتی رہے اور تیسرا تعویز پانی میں ڈال کر سب گھر والے پیئیں اور روزانہ 21 مرتبہ نادعلی پڑھتے رہیں انشاالله ہر قسم کے وبائی امراض سے حفاظت ہوگی۔

محبت میں گرفتار کرنے کے لئے

اگر کسی کو جائز طریقہ سے محبت میں گرفتار کرنا چاہیں تا کہ ہمیشہ دوستی سے پیش آئے اور محبت قائم ہو تو نادعلی کا یہ عمل اگر ایک ہفتے کیا جائے تو انشاالله مقصد میں یقینی کامیابی ہوگی۔

عمل: انگور یا کشمش پر نادعلی سات سو مرتبہ پڑھ کر اگر مطلوب کو کھلایا جائے تو انشاالله اسکی محبت میں مطلوبہ شخص دیوانہ ہوگا۔

عداوت کنے لئے

کچھ ظالم لوگوں کی عادت ہوتی ہے کہ شریف لوگوں کو تکلیف دیتے ہیں انکی عزت خراب کرنے اور سکون برباد کرنے کی کوشش میں لگے رہتے ہیں اگر کچھ افراد مل کر ایسی شرارتیں اور ظلم کرتے ہوں اور آپ کو معلوم ہو کہ اگر ان کا آپس میں اتفاق ختم ہو جائے تو ظلم سے محفوظ رہا جا سکتا ہے تو اس مقصد کے لئے یہ عمل بہت کارآمد ہے انشاالله دشمنوں کے درمیان پھوٹ پڑ جائے گی اور وہ آپس میں ہی لڑنا شروع کر دیں گے۔

عمل: چاند کے آخری منگل کو چوراہے کی مٹی پر اکتالیس مرتبہ نادعلی اسی تصور کے ساتھ پڑھے کہ دشمنوں کے درمیان عداوت پیدا ہو جائے۔مٹی پر دم کرنے کے بعد یہ مٹی دشمنوں میں سے کسی ایک کے گھر پھینک دیں کہ اسکو پتا نہ چلے انشاءالله دشمنوں کو اپنی پڑ جائے گی اور آپکی طرف سے توجہ ہٹ جائے گی۔

رشتے میں رکاوٹ کے لئے

اگر کسی کا رشتہ جادو کی وجہ سے باندھ دیا گیا ہو یا جنات کا عمل دخل ہو اور عمر زیادہ ہوتی جا رہی ہو تو یہ عمل ضرور کریں کیسی ہی رکاوٹ کیوں نہ ہو انشاءاللہ اس عمل کی برکت سے رشتے کی جتنی بھی رکاوٹیں ہیں ختم ہوجائیں گی۔

عمل: ایک بوتل پانی پر نادعلی متاثرہ شخص کے نام کے اعداد کے مطابق پڑھ کر دم کریں اب منگل کے دن ایک پاک برتن میں پردے والی جگہ پر کھڑے ہو کر اپنے اوپر پانی بہالیں۔ نہانے کے بعد 6 نفل **مولا علی پاک** کے نام کے پڑھ کر ایصال کرے اور توجہ سے دعا مانگے انشاءاللہ ہر قسم کی رکاوٹ ختم ہوجائے گی۔ یہ عمل کم از کم 7 مرتبہ کیا جائے۔

پسند کی شادی کے لئے

دین اسلام میں مرد و عورت کو پسند کی شادی کرنے کی اجازت ہے لیکن شرط یہ ہے کہ والدین کی رضامندی کے ساتھ باعزت طریقے سے رشتہ کیا جائے کسی کی عزت نا اچھالی جائے۔ پسند کی شادی کرنا کوئی گناہ نہیں ہے لیکن موجودہ دور میں اس آڑ میں جو لڑکا لڑکی موبائل فون کی صورت میں تعلقات بنانا یا بازاروں میں ملنا یا غیر محرم کیساتھ گفتگو کرنا یہ سب ناجائز و حرام ہے۔ اگر کوئی پسند کی شادی کرنا چاہے تو اس کو چاہیئے کہ نادعلی کا یہ عمل کرے اگر وہ رشتہ اسکے حق میں بہتر ہوا تو ضرور بالضرور رشتہ ہوجائے گا۔

عمل: ایک گلاس شربت پر روزانہ 110 مرتبہ نادعلی پڑھ کر خود ہی شربت پی لیا جائے یہ عمل تین ماہ جاری رکھیں اگر یہ رشتہ آپکے حق میں بہتر ہوا تو انشاءاللہ اس عمل کے ذریعے ہی اسباب بن جائیں گے۔

رشتے نہ آتے ہوں

اگر کسی کا رشتہ نہ ہو رہا ہو، کوشش کے باوجود بھی رشتہ آتا ہی نہ ہو، رشتہ دیکھنے والے پسند کر جاتے ہوں لیکن بعد میں بغیر کسی وجہ کے انکار کر دیتے ہوں یا رشتہ ہو کر ٹوٹ گیا ہو تو یہ عمل اس مقصد کے لئے اکسیر ہے۔ آج کل تمام نوجوان لڑکے اور لڑکیوں کے لئے یہ عمل ضرور کرنا چاہئے۔

عمل: لکڑی کی کنگھی پر ناد علی کا نقش یا ناد علی لکھیں۔ پھر بعد نماز فجر قبلہ رو ہو کر ناد علی 162 مرتبہ پڑھ کر دونوں ہتھیلیوں پر دم کر کے چہرے پر پھیر لیں اور کنگھی پر دم کر کے یہی کنگھی سر پر پھیرے انشااللہ رشتے کے تمام مسائل بہت ہی جلدی ختم ہو جائیں گے۔

گاھکوں کے ھجوم کے لئے

ناد علی میں تسخیر کا خزانہ موجود ہے اگر کوئی شخص یہ چاہتا ہو کہ اس کی فیکٹری دوکان یا کاروبار کی جگہ پر خلقت کا ہجوم ہو گا گاہک کثرت سے آئیں اسکے لئے ناد علی کا یہ عمل اکسیر ہے اس عمل کی برکت سے گاہکوں کا ہجوم لگا رہتا ہے اور آمدنی میں برکت کے ساتھ ساتھ کاروبار پر لگی نظر بد کے اثرات بھی ختم ہو جاتے ہیں۔

عمل ۔دس اگربتیوں اور تھوڑے سے عرق گلاب پر روزانہ 313 مرتبہ ناد علی پڑھ کر دم کریں۔ صبح بسم اللہ کہہ کر دوکان کھولیں۔ صفائی کرنے کے بعد پہلے 4 اگربتیاں چاروں کونوں میں اور پانچویں اگربتی جہاں پیسے رکھتے ہیں وہاں سلگائیں اسکے بعد عرق گلاب دیوار پر چھڑک دیں صبح شام یہ عمل کریں انشااللہ ہر وقت گاہکوں کا ہجوم لگا رہے گا۔

ارواح خبیثہ جلانے کے لئے

اگر کسی مریض پر خبیث ارواح کی حاضری ہوتی ہو اور انکو جلانا مقصود ہو تو کسی عطر پر 11 دن تک 110 مرتبہ ناد علی پڑھ کر رکھ لیں اب کوئی بھی ایسا مریض آئے تو اسکی ناک پر تھوڑی سی عطر لگا کر 110 مرتبہ

نادعلی اس نیت سے پڑھیں کہ اسکے ساتھ جتنی بھی چیزیں ہیں جل جائیں یہ عمل 3 مرتبہ کرے انشااللہ خبیث ارواح جل جائیں گی۔

جادوئی وجناتی اثرات ختم کرنے کے لئے

اگر کسی کے جسم میں جناتی یا جادوئی اثرات ہوں جسم کے کسی حصے میں درد ہوتا ہوتو مریض کو سامنے بٹھا کر ہاتھ میں ایک چھری لیکر 71 مرتبہ نادعلی پڑھ کر متاثرہ حصے کا تصور کر کے زمین پر چھری سے کاٹ کریں انشااللہ 3 مرتبہ یہ عمل کرنے سے اثرات ختم ہوجائیں گے۔

نفسیاتی امراض کا علاج

اگر کوئی نفسیاتی مریض ہوتو پنساری کی دوکان سے منقی لیکر منقی اور پانی پر 41 مرتبہ نادعلی پڑھ کر دم کریں اور مریض کو کہیں کہ کھانا کھانے سے آدھا گھنٹہ پہلے 7 دانے منقی کھائے اور صبح شام پانی پینا ہے۔انشااللہ نفسیاتی امراض کا خاتمہ ہوگا۔

پرانے سے پرانے جادو کا علاج

اگر کسی پر جادو ہو لیکن ختم نہ ہوتا ہوتو مریض کو سامنے بٹھا کر 100 گرام لونگ، 21 لیموں، پانی، سرسوں کا تیل، چینی اور ایک میٹر سفید لٹھے کے کپڑے پر 21 مرتبہ نادعلی پڑھ کر تین دم کریں اب کپڑے کے 21 ٹکڑے کرکے روزانہ سوتے وقت ایک ٹکڑا کپڑے کا ایک لیموں اور لونگ رات کو سرہانے رکھ کر سوجائے صبح لیموں سر پر رکھ کر کاٹے۔کپڑا اور لونگ جسم سے پھیر کے جلادیں۔ باقی سامان معمول کے مطابق استعمال کریں انشااللہ پرانے سے پرانا جادو ختم ہوگا۔

گھر اور دکان کا حصار

اگر کسی گھر یا دکان کا حصار کرنا ہوتو لوہے کی چار کیلوں پر نادِعلی 21،21 بار پڑھ کر دم کردیں اور چاروں کیلوں کو گھر کے چاروں کونوں میں گاڑ دیں۔کوئی جادو جنّات اثرات حصار کو توڑ نہیں سکیں گے۔

نقش نادعلی کی برکت

جادو کی کاٹ کے لئے عاملین نادعلی سے بہت کام لیتے ہیں اور جادوٹونہ ختم کرنے یا پلٹنے کے لئے نادعلی بہت ہی مجرب ہے اگر کسی پر سخت جادو ہو چکا ہو اور جادو ختم ہونے کا نام نہ لے رہا ہو تو نادعلی کا عامل ایسے مریض کا زبردست علاج کرسکتا ہے۔ یہاں نادعلی کے نقش کے ذریعے جادو کی کاٹ کرنے کا طریقہ درج کیا جارہا ہے تاکہ عاملین آسانی کے ساتھ ایسے مسحور کا بھی علاج کرسکیں کی جو عاملین کے پاس چکر لگا لگا کر تھک چکے ہوں لیکن شفا نہ مل رہی ہو ایسے مریضوں کے لیے یہ نقش اکسیر کا حکم رکھتا ہے۔

عمل ۔اکیس عدد نادعلی کے عددی نقش لکھ کر مریض کو دیں اب مریض روزانہ ایک نقش کو سات مرتبہ سر سے پھیر کر ایک چٹکی ہلدی نقش پر رکھ کر نقش کو جلادے بلاناغہ اکیس دن یہ عمل کیا جائے انشاءاللہ اس نقش مبارک کی برکت سے ہر قسم کا جادو ختم ہوجائے گا تجربہ شرط ہے نقش صرف نادعلی کا عامل لکھے عامل کے علاوہ کسی اور کے لکھنے سے سخت نقصان کا خدشہ ہے۔

نقش

۷۸۶

۱۰۸۵	۱۰۸۸	۱۰۹۲	۱۰۷۸
۱۰۹۱	۱۰۷۹	۱۰۸۴	۱۰۸۹
۱۰۸۰	۱۰۹۴	۱۰۸۶	۱۰۸۳
۱۰۸۷	۱۰۸۲	۱۰۸۱	۱۰۹۳

(فلاں بن فلاں) پر جادو، کیا، کرایہ، نوری، ناری، کالا، سفلی، جنات، دیو پری، بھوت، پریت، خبیث اروح، ختم شد ختم شد ختم شد

بِحَقِّ لَااِلٰہَ اِلَّااللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہ

آتشی چال

(صفیٰ)آگ

۷۸۶

۱۰۷۸	۱۰۹۲	۱۰۸۸	۱۰۸۵
۱۰۸۹	۱۰۸۴	۱۰۷۹	۱۰۹۱
۱۰۸۳	۱۰۸۶	۱۰۹۴	۱۰۸۰
۱۰۹۳	۱۰۸۱	۱۰۸۲	۱۰۸۷

بادی چال

(خون)ہوا

۷۸۶

۱۰۹۲	۱۰۷۸	۱۰۸۵	۱۰۸۸
۱۰۸۴	۱۰۸۹	۱۰۹۱	۱۰۷۹
۱۰۸۶	۱۰۸۳	۱۰۸۰	۱۰۹۴
۱۰۸۱	۱۰۹۳	۱۰۸۷	۱۰۸۲

آبی چال

(بلغم)پانی

۷۸۶

۱۰۸۸	۱۰۸۵	۱۰۷۸	۱۰۹۲
۱۰۷۹	۱۰۹۱	۱۰۸۹	۱۰۸۴
۱۰۹۴	۱۰۸۰	۱۰۸۳	۱۰۸۶
۱۰۸۲	۱۰۸۷	۱۰۹۳	۱۰۸۱

خاکی چال

(سودا)مٹی

۷۸۶

۱۰۸۵	۱۰۸۸	۱۰۹۲	۱۰۷۸
۱۰۹۱	۱۰۷۹	۱۰۸۴	۱۰۸۹
۱۰۸۰	۱۰۹۴	۱۰۸۶	۱۰۸۳
۱۰۸۷	۱۰۸۲	۱۰۸۱	۱۰۹۳

دکھ بھرے الفاظ

اکابر عاملین کو عملیات پر بہت دسترس حاصل تھی اور انہوں نے اپنے پاس بیٹھنے والے اہل لوگوں اور طالب عملیات پر اپنے سینے کے راز سے آگاہ کرتے آئے لیکن افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ آج کل عاملین اپنے شاگردوں کے ساتھ بھی مخلص نظر نہیں آتے شاگرد خدمت کرنے کے باوجود بھی کورے کا کورا نظر آتا ہے قارئین کرام تعویذات کی زکات ادا کر لینا کوئی کمال نہیں ہوتا جب تک آپ کو ان کے استعمال کا طریقہ معلوم نہ ہو مبتدی عامل کے لئے سب سے پہلے مریض کے مزاج کے متعلق جانکاری کا ہونا بہت ضروری ہے جب تک مزاج کے متعلق معلومات نہیں ہوگی تعویذ کا صحیح استعمال نہیں کر سکیں گے۔

استخراج مزاج

آپ جب بھی کسی مریض کے لئے تعویذ لکھنا چاہیں تو سب سے پہلے مریض کا نام معلوم کر کے دیئے گئے جدول میں سے مریض کے نام کے پہلے حرف کے مطابق مزاج معلوم کریں مثال کے طور پر جیسے اگر کسی کا نام ماجد ہے تو ماجد کا مزاج میم کے مطابق آتشی ہوا۔ اسی طرح باقی حروف کے مزاج بھی دیکھے جا سکتے ہیں کس مریض کو کون سا نقش دینا ہے علم عملیات میں نقوش کے استعمال کے بہت سے طریقے ہیں۔ سب سے بہترین استاد یا مرشد کا عطا کردہ نقش ہے وہ چاہے آتشی ہو، آبی ہو، بادی ہو یا خاکی اہل روحانیت کے نزدیک وہی ایک نقش ہر کام کے لئے استعمال کیا جا سکتا ہے اس میں یہ ہے کہ مزاج کے جانے بغیر بھی تعویذ دیا جائے تو سائل کو کما حقہ فائدہ ہوتا ہے لیکن اگر استاد کی جانب سے اختیار دیا گیا ہو تو عامل کو چاہیے کہ نقش مزاج کے مطابق دے تا کہ مقصد میں کامیابی حاصل ہو جائے۔ آپ جب نام کے پہلے حرف سے مزاج جان لیں پھر اُسی مریض کو اسی مزاج کی چال میں نقش لکھ کر دیا جائے یعنی آتشی مزاج والوں کے لیے آتشی چال میں لکھ کر دیں اور اسی طرح آبی مزاج

والوں کو آبی چال میں لکھ کر دیا جائے گا۔

نقوش کا استعمال کیسے کریں

آتشی نقش ۔اگر آتشی چال میں نقش تیار ہو تو اس کو تین طریقوں سے استعمال کیا جاتا ہے پہلا طریقہ یہ ہے کہ تیز دھوپ میں رکھا جائے یا آگ کے نیچے دفن کیا جائے تا کہ حرارت پہنچتی رہے اور تیسرا طریقہ یہ ہے کہ آگ میں جلایا جائے تو آتشی نقوش سے فائدہ اٹھایا جا سکتا ہے۔

بادی نقش ۔بادی نقش کو چار طریقوں سے استعمال کیا جا سکتا ہے ہوا میں لٹکایا جاتا ہے صحرا میں کسی بلند جگہ پر لٹکایا جاتا ہے کسی پھل دار درخت سے لٹکایا جاتا ہے یا کسی خاردار اور کڑوے درخت سے بادی نقش لٹکایا جاتا ہے۔

آبی نقش۔آبی چال سے تیار کئے گئے نقش کو بھی چار طریقوں سے استعمال کیا جا سکتا ہے برتن کے نیچے رکھا جائے بعض اوقات نہر یا دریا میں بہانا ہوتا ہے یا پلانے کے لیے استعمال کیا جا سکتا ہے یا پھر سیل والی جگہ پر تعویذ کو رکھا جاتا ہے۔

خاکی نقش۔خاکی نقش کو دو طریقوں سے استعمال کیا جا سکتا ہے زمین میں بھی دفن کیا جا سکتا ہے اور پانی میں بھی بہایا جا سکتا ہے۔

یہاں ہم نے مختصراً تعویذات پر گفتگو کی

انشاءاللہ عنقریب ہم تعویزات پر مکمل کورس متعارف کروائیں گے تا کہ علم التعویزات کے اہم ترین راز شائقین عملیات کو سکھائے جا سکیں۔

حروف اور عناصر

نام کے حروف اوّل سے طبع معلوم کرنے کا طریقہ:

حروف آتشی	ا - ہ - ط - م - ف - ش - ذ
حروف بادی	ب - و - ی - ن - ص - ت - ض
حروف آبی	ج - ز - ک - س - ق - ث - ظ
حروف خاکی	د - ح - ل - ع - ر - خ - غ

شرارتی بچہ

بچے کی شرارت چھڑانے کیلئے یہ عمل کیا جائے جب بچہ سو جائے تو اس کی پیشانی کے بال پکڑ کر 7 مرتبہ 7 دن تک

"وَاللّٰهُ مِنْ وَرَآئِهِمْ مُحِيْطٌ بَلْ هُوَ قُرْآنٌ مَّجِيْدٌ فِيْ لَوْحٍ مِحْفُوْظٍ فَاللّٰهُ خَيْرٌ حَافِظًاوَّهُوَ اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ" پڑھیں کر دم کریں

اول و آخر 7-7 بار درود شریف ضرور پڑھیں

عالمی مذہبی روحانی اسکالر الشیخ مفتی آصف سعید قادری شاذلی طارقیہ روحانی سینٹر
نور القرآن اسلامک اکیڈمی متصل جامع مسجد گلزار رسول سیکٹر 9 بلاک D نیو سعید آباد بلدیہ ٹاؤن کراچی
0321-2782540 - 0313-2277288

یَاحَلِیْمُ

یَاحَلِیْمُ (اے بُردبار) جو شخص صنعت وحرفت کھیتی باڑی میں ترقی چاہتا ہو تو یَاحَلِیْمُ کاغذ پر لکھ کر پانی میں گھول دے اور وہ پانی کھیت، باغات، اوزار وغیرہ پر چھڑک دے۔ جو بچہ بداخلاق ہو اسے (8800) مرتبہ روزانہ یہ اسم پڑھ کر پانی پر دم کرکے گیارہ (11) روز تک پلائیں انشاءاللہ بچے کی بداخلاقی اچھے اخلاق میں بدل جائے گی

دورانِ وظیفہ پیش آنے والے حالات کا ریکارڈ

دورانِ وظیفہ آنے والے احساسات ومحسوسات کا ریکارڈ

دورانِ وظیفہ آنے والے خیالات و کیفیات کا ریکارڈ